(صرف احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے)

حضرت بانی جماعت احمدیہ

کا

پیغام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضرت مرزا غلام احمد قادیانی بانی سلسلہ احمدیہ نے تقریباً ایک صدی قبل یہ دعویٰ فرمایا کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی غلامی اور اتباع میں مسیح موعود اور امام مہدی بنا کر مبعوث فرمایا ہے۔ اور میری بعثت کا مقصد یہ ہے کہ تمام دنیا کو اسلام اور محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآنِ کریم کی طرف بلایا جائے۔

چنانچہ آپ بڑے جلال کے ساتھ اور پُر حکمت انداز میں کل عالم کو دینِ محمدیؐ کی طرف دعوت دیتے رہے۔ اور اسلام کے دوبارہ غلبہ کا نیا دَور شروع فرمایا۔ آپ کی کتب سے چند اقتباسات پیش خدمت ہیں:۔

دارالنجات کا دروازہ

''یہ عاجز تو محض اس غرض کیلئے بھیجا گیا ہے کہ تا یہ پیغام خلق اللہ کو پہنچا دے کہ دنیا کے تمام مذاہب موجودہ میں سے وہ مذہب حق پر اور خدا تعالیٰ کی مرضی کے موافق ہے جو قرآن کریم لایا ہے اور دارالنجات میں داخل ہونے کے لئے دروازہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ہے۔''

(حجۃ الاسلام۔ روحانی خزائن جلد ۶ صفحہ ۵۲۔۵۳)

سچا مذہب

''اے تمام وہ لوگو جو زمین پر رہتے ہو! اور اے تمام وہ انسانی روحو جو مشرق اور مغرب میں آباد ہو! مَیں پورے زور کے ساتھ آپ کو اس طرف دعوت کرتا ہوں کہ اب زمین پر سچا

مذہب صرف اسلام ہے اور سچا خدا بھی وہی خدا ہے جو قرآن نے بیان کیا ہے اور ہمیشہ کی روحانی زندگی والا نبی اور جلال اور تقدس کے تخت پر بیٹھنے والا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔''

(تریاق القلوب روحانی خزائن جلد ۱۵ صفحہ ۱۴۱)

قرآن کی خوبیاں

''مجھے خدا تعالیٰ نے اس چودھویں صدی کے سر پر اپنی طرف سے مامور کر کے دین متین اسلام کی تجدید اور تائید کیلئے بھیجا ہے تا کہ مَیں اس پُر آشوب زمانہ میں قرآن کی خوبیاں اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمتیں ظاہر کروں اور ان تمام دشمنوں کو جو اسلام پر حملہ کر رہے ہیں ان نوروں اور برکات اور خوارق اور علوم لدنیہ کی مدد سے جواب دوں جو مجھ کو عطا کئے گئے ہیں۔''

(برکات الدعا۔ روحانی خزائن جلد ۶ صفحہ ۳۴)

غلبہ دین

''اس نے مجھے بھیجا ہے کہ مَیں اسلام کو براہین اور حجج ساطعہ کے ساتھ تمام ملتوں اور مذہبوں پر غالب کر کے دکھاؤں اللہ تعالیٰ نے اس مبارک زمانہ میں چاہا ہے کہ اس کا جلال ظاہر ہو اب کوئی نہیں جو اس کو روک سکے۔''

(ملفوظات جلد اوّل صفحہ ۴۳۲ نیا ایڈیشن)

تعلیماتِ حقہ کی اشاعت

''خداوند تعالیٰ نے اس احقر عباد کو اس زمانہ میں پیدا کر کے اور صدہا نشان آسمانی اور خوارق غیبی اور معارف وحقائق مرحمت فرما کر اور صدہا دلائل عقلیہ قطعیہ پر علم بخش کر یہ ارادہ فرمایا ہے کہ تا تعلیماتِ حقہ قرآنی کو ہر قوم اور ہر ملک میں شائع اور رائج فرماوے اور اپنی حجت ان پر پوری کرے۔''

(براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد ا صفحہ ۵۹۶)

خوشخبری

''زندہ مذہب وہ ہے جس کے ذریعہ سے زندہ خدا ملے۔ زندہ خدا وہ ہے جو ہمیں بلاواسطہ ملہَم کر سکے اور کم سے کم یہ کہ ہم بلاواسطہ مُلہَم کو دیکھ سکیں۔ سو مَیں تمام دنیا کو خوشخبری دیتا ہوں کہ یہ زندہ خدا اسلام کا خدا ہے۔'' (مجموعہ اشتہارات جلد ۲ صفحہ ۳۱۱)

مُوسیٰ کا طور

''مَیں دیکھ رہا ہوں کہ بجز اسلام تمام مذہب مردے ان کے خدا مردے اور خود وہ تمام پَیرو مردے ہیں۔ اور خدا تعالیٰ کے ساتھ زندہ تعلق ہو جانا بجز اسلام قبول کرنے کے ہرگز ممکن نہیں۔ ہرگز ممکن نہیں۔

اے نادانو! تمہیں مردہ پرستی میں کیا مزا ہے؟ اور مُردار کھانے میں کیا لذت؟!!! آؤ مَیں تمہیں بتلاؤں کہ زندہ خدا کہاں ہے اور کس قوم کے ساتھ ہے۔ وہ اسلام کے ساتھ ہے اسلام اس وقت موسیٰ کا طور ہے جہاں خدا بول رہا ہے۔ وہ خدا جو نبیوں کے ساتھ کلام کرتا تھا اور پھر چُپ ہو گیا آج وہ ایک مسلمان کے دل میں کلام کر رہا ہے۔''

(ضمیمہ انجام آتھم روحانی خزائن جلد ۱۱ صفحہ ۳۴۵۔۳۴۶)

دینِ محمد

''ہر طرف فکر کو دَوڑا کے تھکایا ہم نے
کوئی دیں دینِ محمدؐ سا نہ پایا ہم نے
کوئی مذہب نہیں ایسا کہ نشاں دکھلائے
یہ ثمر باغِ محمدؐ سے ہی کھایا ہم نے
ہم نے اسلام کو خود تجربہ کر کے دیکھا
نُور ہے نُور اُٹھو دیکھو سُنایا ہم نے''

(آئینہ کمالاتِ اسلام روحانی خزائن جلد۵ صفحہ۲۲۴)

پیغام کا خلاصہ

''ہمارے مذہب کا خلاصہ اور لب لباب یہ ہے کہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ہمارا اعتقاد جو ہم اس دنیوی زندگی میں رکھتے ہیں جس کے ساتھ ہم بفضل و توفیق باری تعالیٰ اس عالم گذران سے کوچ کریں گے یہ ہے کہ حضرت سیدنا و مولانا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النّبیین و خیر المرسلین ہیں جن کے ہاتھ سے اکمال دین ہو چکا......اور ہم پختہ یقین کے ساتھ اس بات پر ایمان رکھتے ہیں کہ قرآن شریف خاتمِ کتبِ سماوی ہے۔''

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد۳ صفحہ۱۶۹۔۱۷۰)

ان اقتباسات سے یہ بات واضح ہے کہ احمدیت کوئی نیا دین اور مذہب نہیں۔ اسلام ہی کے غلبہ کی خاطر شروع ہونے والی الٰہی تحریک ہے۔ جو پیشگوئیوں کے مطابق خدا تعالیٰ کی طرف سے جاری کی گئی ہے۔ اور خدا تعالیٰ اسے اسلام کی عظیم الشان خدمات سرانجام دینے کی توفیق دے رہا ہے اور یہ سلسلہ جاری رہے گا جب تک کہ اسلام ساری دنیا پر غالب نہیں آجاتا۔

نُور کے چشمے

''مَیں صرف اسلام کو سچا مذہب سمجھتا ہوں اور دوسرے مذاہب کو باطل اور سراسر دروغ کا پتلا خیال کرتا ہوں اور مَیں دیکھتا ہوں کہ اسلام کے ماننے سے نُور کے چشمے میرے اندر بہہ رہے ہیں اور محض محبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے وہ اعلیٰ مرتبہ مکالمہ الٰہیہ اور اجابت دعاؤں کا مجھے حاصل ہوا ہے کہ جو بجز سچے نبی کے پیرو کے اور کسی کو حاصل نہیں ہو سکے گا......۔اور مجھے دکھلایا اور بتلایا گیا اور سمجھایا گیا ہے کہ دنیا میں فقط اسلام ہی حق ہے اور میرے پر ظاہر کیا گیا کہ یہ سب کچھ بہ برکت پیروی حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم تجھ کو ملا ہے۔''

(آئینہ کمالات اسلام۔ روحانی خزائن جلد۵ صفحہ۲۷۵۔۲۷۶)

صراطِ مستقیم

''صراط مستقیم فقط دین اسلام ہے اور اب آسمان کے نیچے فقط ایک ہی نبی اور ایک ہی کتاب ہے۔ یعنی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم جو اعلیٰ و افضل سب نبیوں سے اور اتم و اکمل سب رسُولوں سے اور خاتم الانبیاء اور خیر الناس ہیں۔ جن کی پیروی سے خدائے تعالیٰ ملتا ہے اور ظلماتی پردے اُٹھتے ہیں۔ اور اسی جہان میں سچی نجات کے آثار نمایاں ہوتے ہیں اور قرآن شریف سچی اور کامل ہدایتوں اور تاثیروں پر مشتمل ہے۔''

(براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد۱ صفحہ۵۵۷)